© rasailojaraid.com



تعلیم نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ لڑکیاں مشترکہ تعلیمی اداروں کے مقابلہ میں گرلز کالجوں میں زیادہ بہتر تعلیمی زندگی سے لطف اندوز ہوسکتی ہیں۔" فاعتبروا یا اولی الابصار"

قصص القرآن ندوۃ المصنفین کی مقبول ترین کتابوں میں سے ہے اس کے دو حصے شائع ہوچکے تھے۔ اب تیسرا حصہ بھی پریس سے چھپ کر آگیا ہے۔ کتاب کے اس حصہ میں انبیاء علیہم السلام کے واقعات کے علاوہ باقی قصص قرآنی اور تاریخی واقعات کی مکمل تشریح و تفسیر کی گئی ہے۔ فہرست مضامین کا ایک حصہ ملاحظہ فرمائیے۔

اصحاب الجنۃ۔ مومن و کافر۔ اصحاب القریہ یا اصحاب یٰسین۔ حضرت لقمانؑ۔ اصحاب سبت اصحاب الرس۔ بیت المقدس اور یہود۔ ذوالقرنین۔ اصحاب الکہف والرقیم۔ سبا اور سیل عرم، اصحاب الاخدود یا قوم تبع۔ اصحاب الفیل۔ صفحات ۳۰۰ بڑی تقطیع قیمت للعہ مجلد صہ

۱۹۴۴ء کے سٹ میں مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی کی کتاب نظام تعلیم و تربیت کے دوسرے حصہ کی کتابت بھی کئی مہینے ہوئے مکمل ہوگئی تھی۔ اب آج کل یہ طباعت کے مرحلوں سے گذر رہی ہے۔

حد سے زیادہ گرانی کے باعث اب شروع ۱۹۴۵ء سے مجبوراً معاونین کی سالانہ فیس بجائے ۱۲ روپئے کے ۱۸ روپئے اور احباء کی فیس ۶ روپئے کی بجائے للعہ روپئے کردی گئی ہے۔ ازراہ کرم ہمارے احباء اور معاونین اسے نوٹ کرلیں اور دفتر سے یاد دہانی کے خط کا انتظار کئے بغیر اپنی سالانہ فیسیں خود روانہ کردیں تو بہتر ہے۔ محسنین کی فیس میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

اس اشاعت سے مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی کا ایک اہم مقالہ "تدوین فقہ" شائع ہو رہا ہے۔ یہ مقالہ جامعہ عثمانیہ کے مجلہ تحقیقات کی تازہ اشاعت میں چھپ چکا ہے لیکن اس مجلہ کی اشاعت نہایت محدود ہے اس لئے ہم افادۂ عام کے خیال سے برہان میں چھاپ رہے ہیں۔



© rasailojaraid.com